جلد نمبر 33 | شمارہ نمبر 25 | 2021 | 18 جون تا 24 جون
1989ء سے مسلسل اشاعت
MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

APP
IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED
QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER Sinar Tech
SINARSPECTRA COLOR CUBE
AQNA Brands
FOR BOOKING CONTACT IBM :
UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED
PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER
Winner of Brands of the year Award 2010 / 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking
First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
BMG


بزنس مین پینل
کراچی ولاہور میں خدمت کے 12 سال
بزنس مین گروپ
محمد سلیم بیکیا
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
خامس سعید بٹ
چیئرمین
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا
گروپ لیڈر

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM™

ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · ISO9001 · ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · pplus EXTRAPRINT · srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 26 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک ٹیپچھمار کیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# وفاقی بجٹ: انکم ٹیکس میں نوٹیفائیڈ بینک اکاؤنٹس متعارف کرایا جائے گا

## 10 کروڑ تک کے ٹرن اوور پر 0.25 فیصد انکم ٹیکس ہوگا، مقامی طور پر تیار ہونے والی گاڑیوں پر 5 فیصد سیلز ٹیکس کم کر دیا گیا، وزیر خزانہ شوکت ترین کی بجٹ تقریر

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کا بجٹ برائے 22-2021ء قومی اسمبلی میں 11 جون 2021 کی شام کو پیش کر دیا ہے، وفاقی بجٹ کا حجم 8487/ارب روپے ہے جس میں مجموعی خسارہ 3990/ارب ہے، وصولیوں کا ہدف 5829/ارب رکھا گیا ہے اور سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 215/ارب روپے کے نئے ٹیکس لگائے گئے، ترقی کا ہدف 4.8 فیصد مقرر کیا گیا۔

بجٹ کے مطابق کم سے کم اجرت 20/ہزار کر دی گئی ہے۔ چھوٹی اور الیکٹرک کاریں، ٹریکٹر، فونز، زرعی آلات، خوردنی تیل، گھی، فولاد سستے ہو گئے جبکہ لگژری اشیاء، ٹائر، بیٹریاں، موبائل فونز اور چینی مہنگی کر دی گئیں، آن لائن خریداری پر بھی سیلز ٹیکس کی مد میں 11/ارب کا ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔

درآمدی میک اپ، خوراک، شیمپو، پرفیومز مہنگے ہو گئے ان اشیاء پر کسٹمز ڈیوٹی کی شرح میں اضافے سے 11/ارب کی کسٹمز ڈیوٹی وصول ہوگی، کیپٹل گین ٹیکس (سی جی ٹی) میں 2.5 فیصد کمی کر دی گئی، 12 ودہولڈنگ ٹیکس ختم کر دیئے گئے۔

چھوٹی گاڑیاں اور الیکٹرک سستی کر دی گئیں، مقامی طور پر تیار کردہ 850 سی سی کاروں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سے چھوٹ اور سیلز ٹیکس 17 فیصد سے کم کر کے 12.5 فیصد کر دی گئی ہے اور ان پر ویلیو ایڈڈ ٹیکس بھی ختم کر دیا گیا ہے۔

مقامی طور پر تیار کی گئی الیکٹرک گاڑیوں کے لیے سیلز ٹیکس کی شرح 17 فیصد سے کم کر کے ایک فیصد، الیکٹرک گاڑیوں اور سی کے ڈی کٹس کی درآمد پر ویلیو ایڈیشن ٹیکس کی چھوٹ اور چار پہیوں والی الیکٹرک گاڑیوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں چھوٹ۔

موبائل فون کے استعمال پر عائد 12.5 فیصد ود ہولڈنگ ٹیکس کم کر کے 10 فیصد کر دیا گیا اس کو بتدریج 8 فیصد کر دیا جائے گا، درآمدی موبائل فون اور ٹائر بھی مہنگے کر دیئے گئے، لیڈ بیٹریاں مہنگی کر دی گئی، ری کلیمڈ اور استعمال شدہ لیڈ بیٹریوں پر سیلز ٹیکس اور ود ہولڈنگ ٹیکس نافذ کر دیا گیا۔

اسپیشل ٹیکنالوجی زونز میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کے لیے پلانٹ، مشینری، ساز و سامان اور خام مال کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ دے دی گئی۔

ٹیلی مواصلات پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی شرح میں 17 فیصد سے کم کر کے 16 فیصد کر دیا گیا، بینکوں کی جانب سے پوائنٹ آف سیلز پر مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی چھوٹ دے دی گئی۔

بجٹ میں ٹیئر ون کے بڑے ریٹیلرز سے خریداری کرنیوالے صارفین کے لیے انعامی اسکیم کا اعلان کیا گیا ہے اور ماہانہ بنیاد پر 25 کروڑ روپے کے انعامات قرعہ اندازی کے بعد ان صارفین کو دیئے جائیں گے جن کے پاس ایف بی آر سے منسلک ٹیئر ون ریٹیلرز کی طرف سے دی گئی الیکٹرانک رسید ہوگی، ای کامرس لین دین کو سیلز ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا۔

شوکاز نوٹس کی انجام دہی کے لیے متعین وقت کی حد کو 120 دن کرنے کی تجویز دی گئی ہے، کسٹم کے ایڈوانس ٹیکس اندازے کو رد کرنے کا اختیار ختم کرنے کی تجویز دی گئی، ایف بی آر کا ٹیکس آڈٹ کا صوابدیدی اختیار ختم کر کے تھرڈ پارٹی سے آڈٹ کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

ٹیکس ریفنڈز کے لیے خودکار ریفنڈز مرکزی نظام لایا جائے گا، جس میں ٹیکس دہندہ کو نہ درخواست دینا ہوگی اور نہ ہی تصدیق کے لیے کاغذات دینا ہونگے، خودکار طریقے سے ریفنڈ کی تصدیق کے بعد ریفنڈ رقم براہ راست ٹیکس گزار کے بینک اکاؤنٹ میں ڈال دی جائے گی، کارپوریٹ ٹیکس گزاروں کے استثنیٰ سرٹیفکیٹ کے اجراء کو 15 یوم کے اندر یقینی بنایا جائے گا۔

ٹیکس نظام میں انسانی عمل دخل ختم کرنے کے لیے الیکٹرانک سماعت نظام متعارف کرایا جائے گا، 12 ود ہولڈنگ ٹیکس کی شقوں کو ختم کر دیا گیا، آئل فیلڈ سروسز، ویئر ہاؤسنگ، کولیٹرل مینجمنٹ سروسز اور سکیورٹی سروسز اور ٹریول اینڈ ٹور سروس پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح 8 فیصد سے کم کر کے 3 فیصد کر دی گئی۔

اسٹاک مارکیٹ میں سکیورٹیز پر عائد کیپٹل گین ٹیکس 15 فیصد سے کم کر کے 12.5 فیصد کر دیا گیا،

افراد اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کے لیے ٹرن اوور بنیاد پر کم از کم ٹیکس ایک کروڑ روپے سے بڑھا کر 10 کروڑ روپے کر دیا گیا، عمومی ٹیکس شرح 1.5 فیصد سے کم کر کے 1.25 فیصد کر دیا گیا آمدہ برسوں میں مزید کمی کی جائے گی، ایف ایم سی جی اور ریفائنریز کے ریٹیلرز کے لیے ٹیکس کی شرح میں بھی کمی کی تجویز دی گئی ہے۔

کتابوں، رسالوں، زرعی آلات اور 850 سی سی تک کاروں کے لیے سی بی یو کی درآمد کو ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ دے دیا گیا، جائیداد کی آمدنی پر بلاک ٹیکس کو ختم کرنے کی تجویز ہے اس کے لیے غیر منقولہ جائیداد فروخت اور سود سے حاصل ہونیوالی آمدنی پر کیپٹل گین کے الگ بلاک ٹیکس کے دائرہ کار کو محدود کر دیا جائے گا۔

تھوک فروش اور پرچون فروش کو سہولت دینے کے لیے افراد اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کے لیے کم سے کم ٹیکس کی سطح 10 کروڑ روپے تک بڑھانے کی تجویز ہے۔

ودہولڈنگ ٹیکس اور ٹرن اوور ٹیکس کی کم شرح کو دوسرے سیکٹرز کے ان افراد پر بھی لاگو کیا جائے گا جو انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کی ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ میں موجود ہیں، انکم ٹیکس میں بزنس ٹرانزکشن کے لیے نوٹیفائیڈ بنک اکاؤنٹ کو متعارف کرایا جائے گا، اکاؤنٹ نوٹیفائی نہ کرنیوالے کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی، ایس ایم ای کے لیے فکسڈ ٹیکس رجیم متعارف کرائی گئی ہے۔

10 کروڑ روپے تک ٹرن اوور پر ٹرن اوور کے 0.25 فیصد کی شرح سے ٹیکس ادا کرنا ہوگا یا پھر قابل ٹیکس آمدنی کا 7.5 فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا، ایسے ایس ایم ایز جن کا ٹرن اوور 10 کروڑ روپے سے زائد ہے اور 25 کروڑ روپے تک ہے ان کو ٹرن اوور کا 0.5 فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا یا قابل ٹیکس آمدنی کا 15 فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا، ایک صفحے کا سادہ ٹیکس گوشوارہ بھی متعارف کرانے کی تجویز ہے۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# محمد سلیم بیکیا کی تقلید: کورونا ویکسین لگوانے والوں کے لیے مزید 8 افراد نے انعامات کا اعلان کر دیا

## 26 جون کو ہونے والی قرعہ اندازی میں دس، دس ہزار روپے کے پندرہ انعامات تقسیم کئے جائیں گے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا نے اپنی سماجی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے پیپر مارکیٹ کے مزدوروں اور مارکیٹ کے دکانداروں کے ملازمین میں کورونا وبا سے تحفظ کے لیے ویکسینیشن کرانے کو فروغ دینے کے لیے جس انعامی اسکیم کا اعلان کیا تھا اس کو پیپر مارکیٹ کے دکانداروں اور مارکیٹ کے باہر کے تاجروں نے سراہا ہے۔ یہ اسکیم 7 جون تا 10 جولائی تک جاری رہے گی۔ اس کے لئے آئی بی ایم نے اپنی طرف سے انعامات کی تعداد پانچ سے بڑھا کر سات کردی ہے جبکہ اسکیم میں محمد سلیم بیکیا کی تقلید کرتے ہوئے مزید 8 دکانداروں/امپورٹرز نے اپنی طرف سے ایک ایک انعامات کا اعلان کیا ہے جن کمپنیوں کی طرف سے یہ مزید 8 انعامات دئے جائیں گے ان میں حبیب نور محمد (حنین پیپر مارٹ)، محمد اقبال (زبیر پیپر مارٹ)، انیس نور محمد (اے این ایم ٹریڈنگ کو)، عمران قاضی (قاضی پیپر مارٹ)، شہزاد احمد (ایچ ایم نقی اینڈ سنز)، حاجی نور (نور پیپر مارٹ)، اسلم جیلانی (سلمان پیپر پروڈکٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ)، صدرالدین جیوانی (ورائیٹی پیپر مارٹ) شامل ہیں۔ اسکیم کے تحت جو مزدور اس مدت میں کورونا ویکسین لگوا کر اس کے ثبوت کے کارڈ کی نقل فراہم کرے گا اس کا نام قرعہ اندازی میں شامل کیا جائے گا اور ہر ہفتہ 15 خوش نصیبوں میں دس دس ہزار روپے تقسیم کئے جائیں گے۔ یہ ثبوت بیکیا پیپر مارٹ، بلال پیپر مارٹ، قاضی پیپر مارٹ اور زبیر پیپر مارٹ، فیض محمد فتح علی روڈ پر بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی کے جمع کرائے جاسکتے ہیں۔

# عابد نثار فیڈریشن کی پاکستان، انڈونیشیا بزنس کونسل کے چیئرمین منتخب



کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر وفاق ایوا نہائے تجارت ناصر حیات مگوں نے سابق رکن مینیجنگ کمیٹی عابد نثار کو فیڈریشن کی پاکستان ۔انڈونیشیا بزنس کونسل 2021 کا چیئرمین منتخب کیا ہے۔ قبل ازیں کونسل کے 9 اراکین بلا مقابلہ منتخب ہوئے تھے۔ عابد نثار پہلی پاکستانی کاروباری شخصیت ہیں جنہیں انڈونیشین حکومت نے پاک ۔انڈونیشیا تجارت میں نمایاں کارکردگی پر ان کی فرم کو انڈونیشیا کے اعلیٰ ترین اعزاز "پریما دوتا ایوارڈ" "PRIMA DUTA AWARD" سے نوازا ہے۔ عابد نثار امپورٹ، ایکسپورٹ کے شعبوں میں کئی دہائیوں کا تجربہ رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ کراچی چیمبر آف کامرس کی مینیجنگ کمیٹی کے رکن اور چیئرمین امپورٹ اینڈ اینٹی اسمگلنگ سب کمیٹی کراچی چیمبر کے چیئرمین بھی رہے ہیں۔ وہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لائف ممبر، سابق وائس چیئرمین اور متعدد اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے چیئرمین کی حیثیت ٹریڈ کی خدمات سرانجام دے چکے ہیں، وہ روٹری کلب کے بھی ممبر ہیں۔ صدر فیڈریشن ناصر حیات مگوں نے انہیں چیئرمین پاک ۔انڈونیشیا بزنس کونسل کا چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے وہ اپنے تجربہ، لیاقت اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کاروباری برادری کے لئے اپنی خدمات انجام دیتے رہیں گے۔

## اپیما کی سیلز ٹیکس بجٹ اینڈ ٹیکسیشن اسٹینڈنگ کمیٹی کا اجلاس طلب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام اراکین کو مطلع کیا ہے کہ اپیما کی سیلز ٹیکس، بجٹ اینڈ ٹیکسیشن اسٹینڈنگ کمیٹی کا ایک اجلاس عام 19 جون 2021 بروز ہفتہ بوقت 3 بجے دوپہر مرکزی دفتر ایسوسی ایشن، کراچی میں منعقد ہوگا جس کی صدارت سینئر وائس چیئرمین محمد انیس کریں گے۔ اجلاس میں سینئر وکلاء شرکت کریں گے اور وہ اپنی قیمتی رائے اور تجاویز بھی پیش کریں گے بعد ازاں وکلاء ممبران کے سوالات کے جوابات بھی دیں گے۔ اراکین سے مقررہ وقت کی پابندی اور تجاویز کے ساتھ اجلاس میں شرکت کی درخواست کی گئی ہے۔ اجلاس میں وفاقی بجٹ 2021-22 کیلئے بعد از بجٹ تجاویز پر غور و منظوری دی جائے گی۔

# ریگولیٹری ڈیوٹی اور اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی بیک وقت نافذ نہیں ہوسکتی، اپیما

## ان کوٹڈ پیپر پر پہلے ہی 11 سے 36 فیصد اینٹی ڈمپنگ عائد ہے، حالیہ بجٹ میں 10 فیصد آر ڈی بھی لگادی گئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ناصر حیات مگوں، صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نام اپنے خطوط میں ان کی توجہ وفاقی بجٹ 22-2021 میں آفسیٹ پیپر (4802) پر غیر قانونی طور پر ریگولیٹری ڈیوٹی کے نفاذ کی طرف مبذول کرائی ہے اور موقف اختیار کیا ہے کہ قانون کے تحت آر ڈی اس شے پر عائد نہیں کی جاسکتی ہے جس پر پہلے سے اینٹی ڈمپنگ عائد کردی گئی ہو۔ انہوں نے کہا کہ یہ دہرے ٹیکس کے زمرے میں آتا ہے۔ محمد انیس نے نمائندہ تجارتی تنظیموں سے درخواست کی ہے کہ وہ بھی اس تضاد، ناانصافی اور بیوروکریسی کی نااہلی کی بابت وزیر خزانہ شوکت ترین، مشیر تجارت رزاق داؤد کی توجہ مبذول کرائیں اور بجٹ کی منظوری سے قبل دس فیصد آر ڈی عائد کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے تاکہ آفسیٹ پیپر جو کہ ایک خام مال ہے اور پرنٹنگ انڈسٹری کی شہ رگ ہے، کو اس مصیبت سے نجات مل سکے اور پاکستان کی پرنٹنگ انڈسٹری جو پہلے ہی خام مال کی لاگت میں اضافے سے پریشان ہے آر ڈی کے نفاذ سے ڈیوٹی میں کمی خام مال کی لاگت میں اضافے سے پریشان ہے آر ڈی کے نفاذ سے ڈیوٹی میں کمی کے باوجود خام مال کی لاگت میں اضافے سے مزید مشکلات کا شکار ہوجائے گی۔


توجہ فرمائیں.....!

ہفت روزہ "پیپر بزنس" میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ویکسین لگانے والوں میں 5 کے بجائے 9 انعامات کی بذریعہ قرعہ اندازی تقسیم کی تقریب




انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ (IBM) نے 7 جون 2021 کو پیپر مارکیٹ کے کرونا ویکسین لگانے والے مزدوروں کے لئے جو انعامی اسکیم کا اعلان کیا تھا اس کی پہلی قرعہ اندازی اس ہفتہ 12 جون 2021 کو بیکیا پیپر مارٹ پر ہوئی۔ مزدوروں اور دکانداروں کی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے انعامات کی تعداد پانچ سے بڑھا کر 9 کردی گئی۔ قرعہ اندازی کے موقع پر لی گئی تصاویر میں 9 خوش نصیب اپنے انعامات حاصل کررہے ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# آفسیٹ پرنٹنگ پیپر: کسٹم ڈیوٹی اور اضافی کسٹم ڈیوٹی میں کمی، 10 فیصد آر ڈی کا نفاذ

## قرآن پاک کی پرنٹنگ کیلئے آفسیٹ کے ساتھ ساتھ آرٹ پیپر پر بھی چھوٹ برقرار، کاربن لیس اور اسٹیکر میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی بجٹ 22-2021 جو 11 جون کو قومی اسمبلی میں پیش کیا گیا ہے اس میں ان کوٹڈ آفسیٹ پرنٹنگ پیپر 4802 پر کسٹم ڈیوٹی کی شرح بیس فیصد سے کم کر کے 16 فیصد کر دی گئی ہے جبکہ اضافی کسٹم ڈیوٹی کی شرح از خود سات فیصد سے کم ہو کر چار فیصد ہوگئی ہے کیونکہ بیس فیصد سے کم کی شرح پر اضافی کسٹم ڈیوٹی کی شرح پہلے سے چار فیصد ہے تاہم پیپر بزنس کی گزشتہ ہفتے کی خبر کی تصدیق کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے آفسیٹ پیپر پر دس فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر دی ہے جس سے اس کے مجموعی ٹیکسز کے فرق میں اضافہ ہونے سے اس کی لاگت میں دو روپے فی کلو کا اضافہ ہوگیا ہے۔ جبکہ آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر، بلیچ بورڈ (کوٹڈ پیپر و پیپر بورڈ 4810) پر کسٹم ڈیوٹی کی شرح بدستور بیس فیصد رکھی گئی ہے تاہم اطلاعات کے مطابق حکومت نے اضافی کسٹم ڈیوٹی اے سی ڈی کی انتہائی شرح میں ایک فیصد کی کم کر دی ہے جس سے آرٹ پیپر، آرٹ کارڈ اور بلیچ بورڈ کے ٹیکسز کی شرح میں کمی دیکھی گئی ہے اور اس کی لاگت میں دو روپے فی کلو کمی آئے گی۔ سابقہ طریقہ کار کے مطابق کسٹم ڈیوٹی میں اگر اضافہ ہو تو اس کا اطلاق فوری ہوتا ہے جبکہ کمی کی صورت میں اس کا اطلاق یکم جولائی تک موخر رہتا ہے۔ دریں اثنا گزشتہ تین سالوں سے قرآن مجید کی پرنٹنگ میں استعمال ہونے والے آفسیٹ پیپر، آرٹ پیپر وغیرہ پر چھوٹ اس سال بھی برقرار ہے تاہم اس کے لیے سخت طریقہ کار نافذ ہے اور قرآن پاک کے پبلشرز کو اس سلسلے میں پنجاب قرآن بورڈ وغیرہ سے این او سی لینا پڑتا ہے اور وہی اس کو مانیٹر کرتے ہیں کہ اس کا غلط استعمال نہ ہو۔

### ایک صفحے کا سادہ ٹیکس گوشوارہ متعارف کرانے کی تجویز

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر خزانہ شوکت ترین نے بجٹ تقریر میں بتایا کہ ایک صفحے کا سادہ ٹیکس گوشوارہ متعارف کرانے کی تجویز دی گئی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے مینوفیکچرز کو آگے لانے کیلئے اسپشل ٹیکس رجیم کی تجویز ہے۔ ان پر ٹیکس ادائیگی مختلف کیٹگریز کی بنیاد پر ہوگی۔ وہ SMEs جن کا ٹرن اوور 100 ملین روپے تک ہے ان کو ٹرن اوور کے 0.25 فیصد شرح کے حساب سے ٹیکس ادا کرنا ہوگا یا پھر قابل ٹیکس آمدنی کا 7.5 فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ SMEs جن کا ٹرن اوور 100 ملین روپے سے زائد ہے اور 250 ملین روپے تک ہے، کو اپنے ٹرن اوور کا 0.5 فیصد شرح کے حساب سے ٹیکس ادا کرنا ہوگا یا قابل ٹیکس آمدنی کا 15 فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ تجویز ہے کہ ایک صفحے کا سادہ ٹیکس گوشوارہ متعارف کیا جائے۔

# وفاقی بجٹ: کسٹم اور سیلز ٹیکس میں ترامیم کی جھلکیاں

ایم آر انصاری

### کسٹم ایکٹ

1۔ دفعہ (kka)2 بل آف لینڈنگ اور ایئر وے بل کے ساتھ ماسٹر بل آف لیڈنگ اور سرٹیفکیٹ آف اوریجن کا بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔

2۔ دفعہ 25 سی کے تحت ڈی جی ویلیو ایشن از خود یا نظر ثانی کی درخواست پر لازمی طور پر 60 دن میں فیصلہ کرے گا۔

3۔ دفعہ 155R کے تحت اب درآمد یا برآمد کنندہ اپنی ٹائپنگ اور کلریکل غلطی کی درستگی کے لیے اسسٹنٹ کلکٹر کو تصحیحی سرٹیفکیٹ کے اجرا کے لیے درخواست کر سکے گا اور جسے اس کی کمپیوٹرائز جی ڈی میں درستگی کے لیے استعمال کیا جا سکے گا۔

4۔ دفعہ 156 کے تحت کنٹینر میں انوائس اور پیکنگ لسٹ نہ ہونے پر جرمانے کی گئی شرحیں:

پہلی مرتبہ: ایک لاکھ روپے
دوسری مرتبہ: پانچ لاکھ روپے
تیسری مرتبہ: دس لاکھ روپے
چوتھی مرتبہ: اشیاء کی ضبطگی اور ایک سال کے لیے وی بوک میں ڈی جی بلاک۔

5۔ دفعہ 79 اور 13 کے تحت اگر کوئی شخص الیکٹرانیکلی لازمی دستاویزات منسلک نہیں کرتا تو جرمانے کی شرحیں مندرذیل ہوں گی۔

پہلی مرتبہ: پچاس ہزار روپے
دوسری مرتبہ: ایک لاکھ روپے
تیسری مرتبہ: ڈیڑھ لاکھ روپے
چوتھی مرتبہ: دو لاکھ روپے
پانچویں مرتبہ: ڈھائی لاکھ روپے

6۔ دفعہ 157 کے تحت اگر کوئی گاڑی اسمگلنگ کے سامان کے ساتھ تیسری مرتبہ پکڑی جائے گی تو پھر اس کو جرمانے کی ادائیگی کی سہولت ختم ہو جائے گی اور وہ ضبط کر لی جائے گی۔

7۔ دفعہ 179 میں ترمیم کی گئی ہے کہ اگر اشیا سی پورٹ، ایئر پورٹ یا ڈرائی پورٹ رکی ہوئی ہیں تو شوکاز نوٹس کے اجرا کے تیس دن کے اندر اندر اس کا فیصلہ کرنا ہوگا صرف کلکٹر کسٹم اس میں پندرہ دن کی توسیع کر سکتا ہے۔

8۔ اب دفعہ 195 کے تحت بورڈ، چیف کلکٹر یا کلکٹر اپنے کسی بھی ماتحت کے فیصلے کے حکم کے جائزہ کیلئے کسی بھی قسم کے ریکارڈ اور کارروائی کو اپنے اطمینان کیلئے طلب کر سکتا ہے۔

### سیلز ٹیکس ایکٹ

1۔ دفعہ 21A کے تحت اب سیلز ٹیکس رجسٹریشن نمبر کے ساتھ نادرا کا جاری کردہ شناختی کارڈ بھی CID نمبر ہوگا اور سیلز ٹیکس کے تحت لازمی رجسٹریشن کے قانون کا اطلاق ہوگا جبکہ کمپنیز اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کے لیے ان کا این ٹی این نمبر ہی CID نمبر ہوگا۔

2۔ دفعہ 22 میں دستاویزات کے سلسلے میں بل کے ساتھ کیش بک کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

3۔ دفعہ 26A-B کے تحت اب رجسٹرڈ شخص جس پر ریٹرن داخل کرنا لازمی ہے وہ کمشنر سے ریٹرن فائل کرنے کے لیے وقت مانگ سکتا ہے۔ جو 15 دن سے زیادہ نہیں ہوگی تاہم خصوصی کیش میں چیف کمشنر مزید 15 دن کی توسیع دے سکتا ہے تاہم یہ توسیع ٹیکسز اور سرچارج کی ادائیگی کے لیے نہیں ہوگی۔

# سندھ بجٹ: جائیداد اور کرائے پر اسٹیمپ ڈیوٹی میں کمی

کراچی (بزنس ڈیسک) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے 15 جون 2021 کو نئے مالی سال کا بجٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ مالی سال 22-2021 کیلئے صوبے کا کل بجٹ 1477.903 ارب روپے ہے جبکہ صوبائی بجٹ میں 19.1 فیصد اضافہ کیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ سندھ نے سندھ اسمبلی میں 1477.903 ارب روپے کے خسارے کا بجٹ پیش کرتے ہوئے خسارے کا تخمینہ 25.738 ارب روپے لگایا گیا۔ بجٹ میں غیر منقولہ جائیداد یا کنونس وغیرہ پر ڈیوٹی کی شرح 2 فیصد سے کم کر کے ایک فیصد کر دی گئی ہے، کرائے پر اسٹیمپ ڈیوٹی کی شرح کو بھی 1.5 فیصد سے کم کر کے ایک فیصد کر دیا گیا ہے، اسی طرح پاور اٹارنی کے لئے اس کی شرح خریداری کی شرح 3 فیصد سے کم کر کے ویلیو ایشن ٹیبل کے مطابق یا اصل قیمت فلوٹنگ قیمت کا ایک فیصد کر دیا گیا ہے۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

# ویکسین بھی اور انعام بھی

پیپر مارکیٹ کے رجسٹرڈ مزدوروں اور ملازمین کے لئے انعام جیتنے کا سنہری موقع

ویکسین لگوا کر اپنا نام اور کارڈ بمع شناختی کارڈ نمبر کے مقررہ دکانوں پر جمع کروائیں

اور ہر ہفتہ والے دن بذریعہ قرعہ اندازی دس، دس ہزار روپے

کے **پندرہ انعامات** جیتنے کا موقع پائیں۔

نوٹ: یہ اسکیم 7 جون 2021 سے لے کر 10 جولائی 2021 تک ہے۔

اپنا نام ان دکانوں پر درج کروائیں۔

میسرز بیکیا پیپر مارٹ — میسرز بلال پیپر مارٹ — میسرز قاضی پیپر مارٹ — میسرز زبیر پیپر مارٹ

اسپانسرز 7 انعامات — اسپانسرز 8 انعامات

محمد سلیم بیکیا، چیئرمین بزنس مین پینل، آل پاکستان پیپر مرچنٹس

**International Business Management**

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
Tel : +92-2132627061-63

IBM

محمد اقبال (زبیر پیپر مارٹ) حبیب نور محمد (حنین پیپر مارٹ)
عمران قاضی (قاضی پیپر مارٹ) انیس نور محمد (اے این ایم ٹریڈنگ کو)
حاجی نور (نور پیپر مارٹ) شہزاد احمد (ایچ ایم نقی اینڈ سنز)
صدرالدین جیوانی (ورائیٹی پیپر مارٹ)
اسلم جیلانی (سلمان پیپر پروڈکٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ)





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

OFFSET PRINTING
PAPER I.P.M BRAND

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

COATED ART PAPER & ART CARD

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کن ماری آرٹ پیپر: انڈیا کیلئے 900 ڈالر پاکستان کیلئے 650 ڈالر

## فریٹ دونوں ملکوں کیلئے ایک ہے، ''گیدڑ سنگھی'' کو ہر پلیٹ فارم پر بے نقاب کریں گے، امپورٹرز

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مارکیٹ کے آرٹ پیپر کے ایماندار امپورٹرز کے ایک گروپ نے اس بات پر حیرت کا اظہار کیا ہے کہ جاپان کے کن ماری کوٹڈ پیپر گلوس 80 گرام کی حیدرآباد (بھارت) کیلئے قیمت 900 ڈالر ہے جبکہ پاکستان میں کن ماری کے امپورٹرز اسے صرف 650 ڈالر فی ٹن ظاہر کر رہے ہیں۔ کراچی پیپر مارکیٹ کے ایماندار امپورٹرز کے ایک گروپ نے کہا ہے کہ اس صورت حال سے انہیں سخت کاروباری مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور وہ اس ''گیدڑ سنگھی'' کو تمام پلیٹ فارم بشمول ڈی جی ویلیوایشن کے سامنے بھی بے نقاب کریں گے جس کے تحت 900 ڈالر کا مال 650 ڈالر میں پاکستان درآمد کیا جا رہا ہے اور قومی خزانے کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔



PG Paper

PG Paper Company Ltd.
Ground Floor, West Wing, Custom House,
Custom House Quay, Greenock, PA15 1AL
Scotland, United Kingdom
Tel: +44 1505 874 266
Fax: +44 1505 874 277
Web: www.pgpaper.com

PROFORMA INVOICE


| Product / Description of Goods | Qty (MT) | | Amount |
|---|---|---|---|
| KINMARI COATED PAPER GLOSS - GSM 80, Width 585 x D/L 910 | 34 | 900 | $30,600.00 |

| | |
|---|---|
| Total Quantity | 40 MT |
| Total CIF Amount | $36,000.00 |

Declaration
1. The order is subject to the terms and conditions. Acceptance of the PI/SC shall constitute as acceptance of the terms and conditions.
2. Shipment within 1 month after receipt of Signed Contract / Letter of Credit whichever applies.
3. To be advised through Santander UK PLC bank, swift code ABBYGB2L
4. To allow Trans-shipment and Partial shipment
5. To be open for negotiation with any UK Bank
6. Quantity tolerance +/- 10%
7. Reimbursement charges on account of applicant
8. Proforma valid for 7 working days

Signature

Registered Number: SC256609



PG Paper

PG Paper Company Ltd.

COMMERCIAL INVOICE

Date :30/4/2021

| | |
|---|---|
| Shipper: | Commercial Invoice Number and Date: 5215-5296 / 30/4/2021 |
| PG Paper Company Ltd. Ground Floor, West Wing, Custom House, Custom House Quay, Greenock, PA15 1AL Scotland United Kingdom | Consignee Order Number and Date: / |
| | Other References: |
| | Bill of Lading Number: ONEYTYOB48058300 — Vessel Name / Voyage No: XIANG REN/2115W |
| Consignee / Applicant: | Port of Loading: Niigata — Port of Destination: Nhava Sheva |
| RAJ PAPER TRADERS 5-2-680/1, Risala Abdulla Osmangunj Hyderabad 500095 India GST No. 36ABAPJ3548A1Z5 IEC Code: 0902007812, PAN No. ABAPJ3548A Email ID: rajpaper@yahoo.co.in | Country of Origin: Japan — Final Destination: ICD HYDERABAD |
| | ETS(BL DATE): 3/5/2021 — ETA: 15/6/2021 |
| | Terms of Delivery: CIF — Terms of Payment: 20% Advance Balance CAD |
| Notify Party: | Additional Information: |
| RAJ PAPER TRADERS 5-2-680/1, Risala Abdulla Osmangunj Hyderabad 500095 India GST No. 36ABAPJ3548A1Z5 IEC Code: 0902007812, PAN No. ABAPJ3548A Email ID: rajpaper@yahoo.co.in | HS CODE: 48101920 WE HERE BY CERTIFY THAT THE ABOVE MENTIONED GOODS ARE OF JAPAN ORIGIN SUPPLIED BY SPRING COSMO INTERNATIONAL CORP, 2F 3-2-2 II DABASHI, CHIYODA-KU, TOKYO, 102-0072, JAPAN. |

| Product / Description of Goods | Net Quantity (MT) | Gross Quantity (MT) | Rate | Amount |
|---|---|---|---|---|
| KINMARI COATED PAPER GLOSS | 39.816 | 41.529 | $900.300 | $35834.40 |

All goods are shipped in accordance with the verbal / written agreement with the buyer or their appointed agents. In case of any dispute legal / arbitrational procedures are subject to the Scottish Law.

Signature

Declaration

We declare that this invoice shows the actual price of the goods described and that all particulars are true and correct.

حیدرآباد (بھارت) کیلئے جاری کردہ کن ماری کوٹڈ گلوس پیپر 80 گرام کی انوائسز کا عکس

## اسمگل شدہ اشیا کی فروخت پر جرمانوں اور سزاؤں کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک سے اسمگلنگ کے خاتمے کے لئے غیر معمولی اقدام اٹھائے ہیں۔ جس کے تحت ایف بی آر کو اسمگل شدہ اشیا اور مصنوعات فروخت کرنے والے خوردہ فروشوں پر جرمانے عائد کرنے اور سزا دینے کا اختیار ہوگا۔ خوردہ فروشوں کو ٹیکس حکام کی جانب سے طلب کرنے پر باقاعدہ تھوک فروشوں سے خریداری گئی اشیا کی رسیدیں دکھانا ہوں گی ان انتظامی اقدامات سے آئندہ مالی سال میں 242 روپے جمع ہونے کی توقع ہے۔ خوردہ فروشوں کے لئے مجوزہ سزاؤں کے تحت اگر کوئی شخص قانونی عذر کے بغیر اسمگل شدہ مال کا حامل ہوا تو اس کا مال ضبط کرلیا جائے گا، اس پر پکڑے جانے والے مال کا دس گنا جرمانہ عائد ہوگا۔ اگر ضبط شدہ مال کی مالیت تین لاکھ روپے سے زائد ہوئی تو اسپیشل جج اسے چھ سال قید اور ضبط شدہ مال کی مالیت کے دس گنا جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔ انسداد اسمگلنگ کی مد میں دیگر اقدامات میں شپنگ لائنز تجارتی بنیادوں پر درآمد شدہ اشیا دوبارہ برآمد کے لئے لینے کی ذمہ دار ہوں گی۔ فنانس بل میں کسٹمز افسران اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کے لئے نقد انعامات بھی تجویز کئے گئے ہیں۔

## بزنس بنک اکاؤنٹ چھپانے والے کو دس ہزار یومیہ پنلٹی لگے گی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) بزنس بنک اکاونٹ پر نئے مالی سال میں ایک لاکھ روپے پنلٹی لگے گی فنانس بل 2021 کے مطابق اس پنلٹی کا اطلاق یکم اکتوبر 2021 سے ہوگا رجسٹریشن درخواست میں اگر کوئی شخص ایسے بزنس اکاونٹ کو چھپاتا ہے ظاہر نہیں کرتا تو اسے درخواست دینے کی تاریخ سے یومیہ 10 ہزار روپے پنلٹی ہوگی جو ایک لاکھ روپے تک بھی جاسکتی ہے۔ جبکہ پروفائل اپ ڈیٹ کرنے کی لازمی شق ختم کردی گئی ہے۔


**CARBONLESS**
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

**CB + CFB + CF CARD**

**Colour Cards**

**COPY PAPER A4**

**CHAND TRADERS**

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com

# اسمگل اشیا بیچنے والوں کو 10 گنا جرمانہ اور 6 سال تک قید

## کنٹینر میں انوائس اور پیکنگ لسٹ اور مطلوبہ دستاویزات فراہم نہ کرنے والے امپورٹرز پر جرمانوں کی شرح اور سخت سزائیں تجویز

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں اسمگل شدہ اشیاء فروخت کرنے والے دکانداروں کو دس گنا جرمانے اور 6 سال تک قید کی سزائیں دینے کی تجویز دیدی ہے۔اس کے علاوہ دوسری ترمیم یہ تجویز کی گئی ہے کہ درآمدی کنسائنمنٹس وکنٹینرز کیلیے الیکٹرانیکلی لازمی قرار دیے جانیوالے دستاویزات فراہم نہ کرنے والے درآمد کنندگان کو پہلی مرتبہ خلاف ورزی پر 50ہزار روپے، دوسری بار ایک لاکھ تیسری مرتبہ ڈیڑھ لاکھ چوتھی مرتبہ 2لاکھ روپے اور پانچویں مرتبہ خلاف ورزی پر سیکشن 79اور سیکشن 131 کے تحت ڈھائی لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا جائے اسکے علاوہ کسٹمز ایکٹ کی سیکشن 47اے اور اس سے متعلقہ کالمز ختم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔اس سیکشن کے تحت دس دن کے اندر اندر گڈز ڈکلیئرین فائل نہ کرنے والوں کو پانچ ہزار روپے یومیہ سے دس ہزار روپے یومیہ تک جرمانے اور پانچ سال تک کی قید کی سزائیں مقرر کی تھیں اس سیکشن کے ختم کرنے کے بعد یہ سزائیں ختم ہوجائیں گی۔اسی طرح سیکشن 89اور سیکشن 90میں بھی ترامیم کی گئی ہیں جن کے ذریعئے اسمگل شدہ اشیا کی پرچون سطع پر فروخت کو قابل سزا جرم قرار دینے کی تجویز دی گئی ہے جس کے تحت اسمگل شدہ اشیا کی پرچون سطح پر فروخت کرنیوالے رٹیلرز کی دکانوں سے اسمگل شدہ اشیا ضبط کی جاسکیں گی۔ضبط شدہ اشیا کی مالیت کے 10 گنا کے برابر جرمانے کیے جاسکیں گے اور اسپشل جج کے پاس کیس کی سماعت میں جرم ثابت ہونے پر 10 گنا جرمانے کے ساتھ ساتھ چھ سال تک قید کی سزائیں دی جاسکیں گی۔اس کے علاوہ کسٹمز ایکٹ میں یہ بھی ترمیم تجویز کی گئی ہے کہ اسمگل شدہ اشیا کی ترسیل میں بار بار استعمال ہونے والی گاڑیوں کو بھی ضبط کرلیا جائے اور اسمگل شدہ اشیا کی ترسیل میں تیسری مرتبہ ضبط کی جانیوالی گاڑیوں کو جرمانے کی ادائیگی پر بھی نہیں چھوڑا جاسکے گا۔

# عمران خان قوم سے قانون کی حکمرانی قائم کرنے کا وعدہ پورا کریں' گڈز ٹرانسپورٹرز

## دنیا میں ایکسل لوڈ لمیٹ قانون پر مکمل عملدرآمد کروایا جاتا ہے، پاکستان میں قانون مذاق بن چکا ہے

لاہور(نیوز ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما نعیم شاہ نے کہا ہے کہ عمران خان نے قوم سے قانون کی حکمرانی قائم کرنے کا وعدہ کیا تھا جسے آپ پورا کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہیں ،ایسے جھوٹے وعدے تو سابق حکمران بھی کرتے آئے ہیں جنہیں آپ چور ڈاکو کہتے ہیں، آپ قوم سے حکمرانی قائم کرنے کا وعدہ پورا کریں ۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا کے تمام ممالک میں اوورلوڈنگ کی قطعی اجازت نہیں اور ایکسل لوڈ لمٹ قانون مکمل عملدرآمد کروایا جاتا ہے جبکہ آپ کی حکومت کو پاکستان کی اعلی عدلیہ نے ملکی مفاد میں اوورلوڈنگ کو جڑ سے ختم کرنے اور ایکسل لوڈ لمٹ قانون پر سختی کے ساتھ مکمل عملدرآمد کروانے کا آرڈر جاری کیا ہے مگر آپ کی حکومت اس قانون پر عملدرآمد نہیں کرواسکی ،آپ تو یورپی ممالک میں قانون کے نفاذ کی مثالیں دیا کرتے تھے اب تو آپ کی حکومت ہے آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اوورلوڈنگ کے باعث پاکستان کی سڑکیں تباہ ہورہی ہیں اور آئے دن خطرناک حادثات جنم لے رہے ہیں جن میں قیمتی انسانی جانیں موت کی نذر ہو رہی ہیں۔موٹروے پر ایکسل لوڈ قانون کا نفاذ اور باقی شاہراہوں پر اوورلوڈنگ کی اجازت ہے آخر یہ دوغلی پالیسی کب تک چلے گی ،بھر پور مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت اپنے وعدے کی پاسداری کرتے ہوئے موٹروے کی طرح پاکستان کی تمام شاہراہوں پر ایکسل لوڈ لمٹ قانون پر سختی کے ساتھ مکمل عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

# 75 کی بجائے 25ہزار ماہانہ بجلی کے بل پر ساڑھے 7فیصد ایڈجسٹ ایبل ٹیکس

اسلام آباد (حنیف خالد) قومی مالیاتی بل 2020-21 میں بجلی کا بل جن گھروں کو 80ہزار روپے ماہانہ سے زیادہ آئے گا ان پر ساڑھے 7فیصد اضافی ایڈجسٹمنٹ ایبل ٹیکس عائد ہوا کریگا تاہم جن صارفین کے نام اے ٹی ایل میں ہوں گے ان سے ساڑھے 7فیصد ایڈجسٹ ایبل ٹیکس وصول نہیں ہوگا نئے وفاقی بجٹ میں اوورسیز پاکستانیوں کی طرف سے اپنے عزیز واقارب کو 3 سال سے زائد استعمال شدہ ری کنڈیشنڈ کار بھجوائی جائے گی تو اس کار کی کلیئرنس گزشتہ سال کی طرح ہوا کریگی اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی البتہ 75ہزار کے بجلی کا بل آتا تھا اس پر ایڈجسٹ ایبل ٹیکس ساڑھے 7فیصد ٹیکس عائد ہوتا تھا لیکن اب ایڈجسٹ ایبل ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ 75ہزار ماہانہ سے بل کم کرکے 25ہزار روپے ماہانہ بجلی کے بل پر ہوا کریگا۔کنڈے ہٹادیئے، جبکہ 03 ٹرانسفارمرز اتار کر تاریں ضبط کرلیں، اس موقع پر ایکسی این حیسکو ٹھٹھہ نے کہا کہ بجلی کی چوری بالکل برداشت نہیں کی جائے گی چوروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرینگے، پولیس اور رینجرز کی ہمراہ بھی کارروائیاں کی جاسکتی ہیں۔ صارفین حیسکو سے تعاون کریں۔آپریشن سب ڈویژن پھلیلی میں ایس ڈی او نے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ، واجبات کی عدم ادائیگی پر 49 کنکشن منقطع کردیئے اور غیر قانونی 35عدد کنڈے کاٹے گئے اور تاریں تحویل میں لے لی گئیں، بجلی چوروں کے خلاف مختلف متعلقہ تھانوں میں ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔

**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پیکیجنگ بورڈ: ریلز میں 100 ڈالر کمی اور شیٹس میں 150 تا 200 ڈالر اضافہ

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں میں تیزی مندی کا رجحان ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا اور چائنا کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں ہونے والی تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا/ چائنا: پیکیجنگ بورڈ ، ننگبو گولڈ کی شیٹس 0001ڈالر سے بڑھ کر 0021ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 0821ڈالر سے کم ہوکر 0811ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ ننگبو گلوس ہائی بلک کی شیٹس 0001ڈالر بڑھ کر 0511ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 0321ڈالر سے کم ہوکر 0311ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ ننگبو اسٹار کی شیٹس 5401ڈالر سے بڑھ کر 0021ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 0821ڈالر سے کم ہوکر 0811ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔

# آرٹ پیپر، آرٹ کارڈ، آفسیٹ آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں، 16 جون کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آفسیٹ آئی کے ، آرٹ پیپر ، فوٹو کاپی پیپر اور آرٹ کارڈ کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ کھپنڈ و آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 295روپے سے بڑھ کر 298روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام 248روپے سے بڑھ کر 252روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز تمام گرام ، 245روپے سے بڑھ کر 248روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز تمام گرام، 242روپے سے بڑھ کر 245روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر OJI جاپان تمام سائز تمام گرام ، 240روپے سے بڑھ کر 248روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انر جی۔ سنر جی مل تمام سائز 290 گرام، 140روپے سے کم ہوکر 136روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 212روپے سے بڑھ کر 215روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام ، 505روپے سے بڑھ کر 510روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 600روپے سے بڑھ کر 610روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 510روپے سے بڑھ کر 520روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 620روپے سے بڑھ کر 630روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو۔ 70 گرام، 515روپے سے بڑھ کر 520روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ZAP، 70 گرام ، 495روپے سے بڑھ کر 505روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈیجیٹل میگنم برازیل 470روپے سے کم ہوکر 460روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ مستر و مونڈی، 72 گرام، 485روپے سے کم ہوکر 480روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز 4200 ، روپے سے بڑھ کر 4250روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## کریڈٹ کارڈ صارفین کیلئے انعامی اسکیم کا اعلان، زیادہ استعمال پر سالانہ ہزاروں روپے کی بچت ہوگی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) مالی سال 22 - 2021 کے بجٹ میں حکومت کی جانب سے مختلف بینکوں کے کریڈٹ کارڈ صارفین کو خوشخبری سنادی گئی، کریڈٹ کارڈ کا زیادہ استعمال کرنے پر سالانہ ہزاروں روپے بچت ہوگی۔ بجٹ دستاویزات کے مطابق کریڈٹ کارڈ کے ذریعے بلوں کی ادائیگی کرنے والے صارفین کیلئے انعامی اسکیم کا اعلان کیا گیا ہے تاکہ صارفین کریڈٹ کارڈ کا استعمال زیادہ سے زیادہ کریں ،اس اسکیم کے تحت صارفین کی جانب سے زیادہ سے زیادہ کریڈٹ کارڈ استعمال کرنے پر سالانہ ہزاروں روپے کی بچت ہوگی۔

## قرآن پاک کی اشاعت میں استعمال کاغذ کی درآمد پر چھوٹ برقرار

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) قرآن پاک کی اشاعت میں استعمال ہونے والے کاغذ کی درآمد پر چھوٹ کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کی تجویز دی گئی۔ وزیر خزانہ شوکت ترین نے بجٹ اجلاس میں کہا کہ قرآن پاک کی پائیدار اور اچھی کوالٹی کے کاغذ پر پرنٹنگ اور اشاعت ہمارے ایمان کا حصہ ہے، اس سلسلے میں قرآن پاک کی پرنٹنگ اور اشاعت کے لئے استعمال ہونے والے اچھی کوالٹی کے آرٹ اور پرنٹنگ پیپر کی درآمد پر چھوٹ برقرار رکھی گئی ہے۔

## 850 سی سی کاروں پر سیلز ٹیکس 12.5 فیصد ویلیو ایڈڈ ٹیکس بھی ختم

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آئندہ مالی سال کے بجٹ میں چھوٹی اور الیکٹرک سے چلنے والی گاڑیاں سستی کردی گئیں، مقامی طور پر تیار کردہ 850 سی سی کاروں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سے چھوٹ اور سیلز ٹیکس 17 فیصد سے کم کرکے 12.5 فیصد کردی گئی ہے اور ان پر ویلیو ایڈڈ ٹیکس بھی ختم کردیا گیا ہے، مقامی طور پر تیار کی گئی الیکٹرک گاڑیوں کیلئے سیلز ٹیکس کی شرح 17 فیصد سے کم کرکے ایک فیصد، الیکٹرک گاڑیوں اور سی کے ڈی کٹس کی درآمد پر ویلیو ایڈیشن ٹیکس کی چھوٹ اور چار پہیوں والی الیکٹرک گاڑیوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں چھوٹ دے دی گئی۔

## سندھ حکومت کا آٹومیشن کے ذریعے ٹیکس وصولی میں اضافے کا فیصلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ حکومت کا آٹومیشن کے ذریعے ٹیکس وصولی میں اضافے کا فیصلہ، حکومت کو اسٹیمپ ڈیوٹی میں 100 فیصد اضافے کی امید، تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی سندھ نے بتایا ہے کہ حکومت سندھ نے ٹیکس وصولی کے لئے آٹومیشن کا نظام متعارف کرایا ہے، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تحت یہ منصوبہ تشکیل دیا گیا ہے جس سے ٹیکس وصولی میں اضافہ ہوگا، ٹیکس دہندگان اپنے ٹیکس اسٹیٹ بینک کے نظام کے تحت آن لائن جمع کراسکیں گے، اس نظام کے تحت محاصل جمع کرنے والے اداروں کو براہ راست اسٹیٹ بینک سے منسلک کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد ٹیکس وصولی کئی گنا بڑھ جائے گی۔ گاڑیوں کی تصدیق اور گاڑیوں کی جعلی رجسٹریشن کے خاتمہ کے لئے اسمارٹ کارڈ بھی متعارف کروایا گیا ہے۔

# کاروباری مواقع

# TENDERS

## نادرا کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 05/2021

فوٹو کاپی پیپر A4 سائز، 80 گرام

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 جولائی 2021

برائے رابطہ: ریجنل آفس، ڈائریکٹر ایڈمن نادرا 29 ای، محمد شاہ روڈ، کے ڈی اے اسکیم اے، کراچی۔

فون: 021-34540828




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# گرفتاری کی مجوزہ شق سے متعلق وزیر خزانہ کا دوٹوک اعلان، ”میرے حکم سے کارروائی ہوگی“

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر خزانہ شوکت ترین نے ایف بی آر افسران کو گرفتاری کا اختیار کے حوالے سے بزنس کمیونٹی کے خدشات پر کہا ہے کہ بزنس کمیونٹی کے شکوک وشبہات اب دور ہوجانے چاہئیں، اگر کوئی گرفتاری ہوئی تو وہ میرے لیول پر سائن آف ہوگا، اس کا مطلب ہے نیچے کسی کو بھی اختیار نہیں ہوگا۔نجی ٹی وی کے  پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ میں نے ہراسمنٹ ختم کرنے کی بات کی ہے، سیلف اسیسمنٹ ہوگی جبکہ تھرڈ پارٹی آڈٹ ہوگا، ایف بی آر آڈٹ بھی نہیں کرسکیں گے، گرفتاری کی بات سے متعلق وضاحت بالکل درست نہیں ہے۔رولز آف بزنس جب آئیں گے تو اس میں واضح ہوگا کہ ایف بی آر تو اس میں کچھ بھی نہیں کرے گا، اگر انہیں کسی پر شک ہوگا تو وہ تھرڈ پارٹی آڈٹ والوں کو کہیں گے کہ یہ دیکھ لیجئے اس میں کچھ مسئلہ ہے، تھرڈ پارٹی آڈٹ سیدھا میرے لیول پر آئے گا۔تھرڈ پارٹی آڈٹ والوں نے اگر سمجھا کہ کوئی نان فائلر ہے اور وہ اس میں سفارش کریں گے تو میں دیکھوں گا کہ گرفتار کرنا ہے یا نہیں کرنا، میں چاہتا ہوں ایف بی آر کا ٹیکس دہندگان سے تعلق الیکٹرونک ہو، فزیکل تعلق ہونا ہی نہیں چاہئے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ گرفتاری کا اختیار اس لئے دینا ہے کیونکہ دوسری صورت میں لوگ ٹیکس نہیں دیتے، ڈر تو ہونا چاہئے، کس ملک میں یہ نہیں ہے ساری دنیا میں یہ چلتا ہے، میں نے سب سے زیادہ آسان یہ کردیا کہ سیلف اسیسمنٹ ہوگی۔آپ کو ایف بی آر جانا ہی نہیں پڑے گا، آپ کا سیلف اسیسمنٹ میں کوئی چیز نہیں ہے تو آپ کا اسیسمنٹ آرڈر ہوجائے گا، اس کا تھرڈ پارٹی آڈٹ ہوگا، اتنی سہولتیں دے کر ہم اگر یہ سخت چیز نہ رکھیں تو پھر وہ سب مادر پدر آزاد ہوجائیں گے، جہاں تک آپ کی بات ہے کہ ہمیشہ ہی ایسا ہوتا ہے، جب بھی سختی کی بات ہوتی ہے تو سارے کھڑے ہوجاتے ہیں کہ یہ بھی نکال دیں وہ بھی نکال دیں۔لوگ پھر ٹیکس کیوں نہیں دیتے، کیا ہم چپ کر کے بیٹھے رہیں، میں نے آپ کو اس لئے ہے کہ یہ جو بات آئی ہے کہ اسسٹنٹ کلکٹر ٹائپ کرسکیں ہم اسے نکال دیں گے، صرف وزیر خزانہ کی سطح پر اختیار ہوگا۔ فنانس منسٹر کوئی بھی ہو اس لیول پر objectivity ہوتی ہے اس لیول پر vegilence نہیں ہوتا نہ ہی ہراسمنٹ ہوتی ہے۔ وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا کہ اس وقت ٹیکس کے ہزاروں لاکھوں کے لحاظ سے کیسز پھنسے ہوئے ہیں، یہ اسی لئے پھنسے ہوئے کہ ہمارے جیوڈیشل سسٹم کی استعداد نہیں ہے تو اس میں وقت لگتا ہے، یہ دنیا کے بیچ میں بھی ایسا ہی ہے کہ ٹیکس اتھارٹیز سے لوگ کیوں ڈرتے ہیں۔ہم انوکھا ملک ہیں ایک تو لوگ ٹیکس نہیں دیتے دوسرا کہتے ہیں دو دو اور وہ بھی چپڑیاں، ایسے نہیں چلے گا، جب میں اتنی سہولت دے رہا ہوں کہ سیلف اسیسمنٹ ہوگی، اس کے بعد تھرڈ پارٹی آڈٹ ہوگا، اس کے بعد اگر willfull ٹیکس ڈیفالٹر ہے تو اس کے خلاف ہم ایکشن لیں گے۔ایک اور سوال کے جواب میں وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا کہ میں نے ایف بی آر کو مائنس کردیا ہے، ادھر انہوں نے جانا ہی نہیں ہے، تھرڈ پارٹی آڈٹ ہے تھرڈ پارٹی والا میرے ساتھ بات کرے گا، ہمارے لیول پر بات کرے گا سیدھی سی بات ہے، اگر وہ سمجھتے ہیں میں ہراساں کروں گا، میرے لیول پر ہراسمنٹ ہوگی پھر تو بات ہی ختم ہوجاتی ہے، اگر بزنس کمیونٹی سمجھتی ہے کہ ان اقدامات کے بعد بھی غیر شفافیت ہے تو زیادتی ہے، ابھی تک ان کے ساتھ بہت ہراسمنٹ ہوتی تھی۔وزیر خزانہ نے کہا کہ میں قانون کو ہی تو ٹھیک کررہا ہوں، اس صورت میں جو انہوں نے ڈالا ہے اس کو ہم چینج کریں گے، اس میں ایف بی آر کی descretion بالکل نکال دیں گے، میری ایف پی سی سی آئی سے فیس ٹو فیس باتیں ہوئی ہیں، میں نے انہیں کہا ہے کہ آپ کا will full ٹیکس ڈیفالٹر ہوگا اس پر ہم ایکشن لیں گے اور انہیں اس پر کوئی پرابلم نہیں تھا، ان کو صرف پرابلم ہے کہ ایف بی آر کے ہاتھوں میں ہمیں نہ چھوڑیں وہ ہم نہیں چھوڑ رہے۔

# آمدن چھپانے کے شک پر ایف بی آر کو کسی بھی شہری کی گرفتاری کا اختیار دے دیا گیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں فنانس بل کے ذریعے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو آمدنی چھپانے کے محض شک کی بنیاد پر سیاستدانوں، بیوروکریٹس، صحافیوں، صنعتکاروں اور تاجروں سمیت کسی بھی شخص کو صفائی کا موقع دئے  بغیر براہ راست گرفتار کرنے کے اختیارات دینے کا فیصلہ کیا ہے، ایسے افراد کو 24 گھنٹے میں اسپیشل جج  یا جوڈیشل مجسٹریٹ کے سامنے پیش کرنا ہوگا، ٹیکس ماہرین کا کہنا ہے کہ سیاسی مقاصد کے ساتھ، صنعت کاروں، تاجروں اور دوسرے ٹیکس دہندگان کو ہراساں کرنے کے لئے اس قانون کا غلط استعمال کیا جاسکتا ہے، اس سے ٹیکس دہندگان میں خوف وہراس پھیلنے کا خطرہ ہے جبکہ ایف بی آر حکام نے کہا کہ یہ قانون کسی خاص طبقے کیلئے نہیں، سیاستدانوں، بیوروکریٹس، صحافیوں، صنعت کاروں وتاجروں اور خود ایف بی آر کے اپنے افسران واہلکاروں سمیت ہر شخص پر اس کا اطلاق ہوگا، ان لینڈ ریونیو افسر متعلقہ فرد کو گرفتار کرسکے گا، حکام کے مطابق ابھی فنانس بل کے  ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس کی سیشن 203 اے میں ترمیم تجویز کی گئی ہے اور سیکشن 203 بی میں گرفتاری کا پروسیجر تجویز کیا گیا ہے، پارلیمنٹ سے فنانس بل کے ذریعے ان مجوزہ قوانین کی منظوری کے بعد صدر کے دستخطوں سے اس کا اطلاق ہوگا، حتمی فیصلہ پارلیمنٹ کی منظوری سے ہی ہوگا۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229



A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size

Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





